Department of Education
GOVERNMENT OF WESTERN AUSTRALIA

کیریئر کےبارے میں گفتگو

معلومات برائے والدین و کیئررز

بہت سارے نوجوان لوگوں کے لیے، ایک درست کیریئرپاتھ وے کا انتخاب کرنے کے لیے کافی غوروخوص اور تحقیق درکار ہوتی ہے۔

تعلیم اور کیریئر سے متعلقہ تمنائیں اکثر اس بات سے تشکیل پاتی ہیں کہ نوجوان کس طرح سوچتے ہیں کہ وہ دوسروں کے ساتھ فٹ ہو جائیں گے، اور ان کے والدین، دیکھ بھال کرنے والوں، اساتذہ اور ساتھیوں کی توقعات کا بھی اس میں ہاتھ ہوتا ہے۔

نوجوانوں کے کیریئر کے فیصلوں پر کلیدی اثر و رسوخ رکھنے والوں کے طور پر، والدین، دیکھ بھال کرنے والوں اور اساتذہ کو چاہیے کہ وہ کیریئر سے متعلق بات چیت کو سیکنڈری اسکول سے بہت پہلے شروع کردیں۔

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ ممکنہ کیریئر کے انتخابات کے بارے میں صنفی تعصب چھ سال کی عمر تک کے بچوں میں بھی واضح طور پرپایا جاتا ہے۔ اس طرح کے صنفی دقیانوسی تصورات کی ایک مثال یہ خیال ہے کہ لڑکیاں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ میں لڑکوں کے مقابلے میں کم دلچسپی لیتی ہیں۔

بہت سے نوجوانوں کو کامیاب پیشہ ور افراد اور تجارت کرنے والے لوگوں کی ایک وسیع رینج سے ملنے کا موقع نہیں ملتا اور انہیں کام کی دنیا کے مختلف رول ماڈلز کے ساتھ میل ملاپ رکھنے کے مواقع کی ضرورت ہوتی ہے۔

تو ہم کیریئر کے بارے میں بات چیت کیسے کریں؟

والدین اپنے نوجوان بچے کے ساتھ اس کی خواہشات میں دلچسپی ظاہر کرکے کیریئر کے بارے میں بات چیت کرسکتے ہیں۔ درج ذیل کے بارے میں غوروحوض کریں:

- اپنے نوجوان بچے کے ساتھ کیریئر کی بات چیت کے لیے وقت نکالیں۔
- اونچی امنگوں کے لیے اعانت کریں اور خیال رکھیں کہ 'خوابوں کو کچلنے' نہ دیں۔
- بچوں کی تعلیم کو کیریئر پاتھ ویز کے ساتھ جوڑیں۔
- کیریئر پاتھ وے اور لیبر مارکیٹ کے بارے میں درست، تازہ ترین معلومات فراہم کریں۔
- نوجوانوں کو دستیاب تمام انتخابات اور پاتھ ویز کے بارے میں معلومات کے سلسلے میں راہنمائی فراہم کریں۔ ایک زبردست نقطہ آغاز myfuture ویب سائیٹ ہے۔

کیریئر کی گفتگو شروع کرنےکے لیے ان فقروں کو آزمائیں			
آپ کو اپنی حاصل کردہ کامیابیوں میں سے کس پر واقعی فخر محسوس ہوتا ہے؟	کن کامیابیوں نے آپ کو سب سے زیادہ اطمینان بخشا ہے؟	آپ خود کو پانچ سالوں میں کیا کرتے دیکھتا پاتے ہیں؟	کیا ایسے کوئی کام ہیں جنہیں آپ نے دیکھا ہو یا سنا ہو اور جو آپ کو دلچسپ لگے ہوں؟ آپ کو ان کے بارے میں کون سی بات دلکش لگتی ہے؟
آپ نے اپنے جز وقتی کام سے کون سی مہارتیں حاصل کی ہیں؟	اگروہ نوکری جس کے آپ خواب دیکھتے ہوں گھر سے بہت دور ہو تو آپ کیا کریں گے؟	اگر آپ کو کسی چیز کے بارے میں سیکھنے کا موقع ملے تو وہ کیا ہوگی؟	آپ کون سا عالمی یا کمیونٹی چیلنج حل کرنا چاہتے ہیں؟

CC BY
Exclusions may apply